سوال

اللہ کو سجدہ تعظیمی کر کے دعا مانگنا

جواب

نماز کے علاوہ سجدہ میں دعا کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا دعا مانگنے کی یہ صورت جائز ہے کہ کوئی نماز کی حالت میں بھی نہ ہو اور حاجت کی شدت کی وجہ سے اللہ کو سجدہ کر کے اس میں مانگنا شروع کر دے ۔ کیا نماز کے بغیر اللہ کو سجدہ کر کے دعا کی جا سکتی ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جی ہاں نماز کے بغیر دعا کے لئے سجدہ کرنا جائز ہے ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان اقدس ہے ۔ أقرب ما یکون العبد من ربہ وہو ساجد فأکثروا من الدعاء مسلم سجدے میں بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے لہذا تم اس میں کثرت سے دعا کیا کرو۔ اس حدیث مبارکہ سے ثابت ہوتا ہے کہ نماز کے علاوہ بھی سجدہ کیا جا سکتا ہے ،اور اس میں دنیا و آخرت کی کوئی بھی دعا کی جا سکتی ہے ۔ اور افضل یہ ہے کہ یہ سجدہ بھی باوضو ہو کر کیا جائے ۔ ھذا ما عندی واللہ علم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ